مہمانوں کا استقبال کرتے ہوئے ظفر الاسلام اصلاحی صاحب نے ادارہ کا تعارف کرایا اور پروفیسر اشتیاق احمد ظلی اور ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی نے ادارہ کی سرگرمیوں کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ادارہ کی لائبریری بالخصوص قرآنیات پر قیمتی ذخیرہ دیکھ کر یہ مہمانان گرامی بہت متاثر ہوئے اور محدود وسائل کے باوجود تقریباً ۱۷سال سے قرآنیات پر تحقیقی مجلّہ کی مسلسل اشاعت پر حیرت ظاہر کی۔جناب محمد یوسف وانی صاحب کی رہنمائی میں آخر میں سب نے ادارہ کی توسیع وترقی کے لئے دعائیں کیں۔

شعبہ اسلامک اسٹڈیز (مسلم یونیورسٹی،علی گڑھ) میں قرآن وسائنس پر سیمینار کا اہتمام:

شعبہ اسلامک اسٹڈیز کے زیر اہتمام قرآن وسائنس پر سہ روزہ قومی سیمینار ۸۔۱۰ر جنوری ۲۰۰۳ء کو منعقد ہوا۔شیخ الجامعہ جناب نسیم احمد صاحب نے اس کے افتتاحی اجلاس کی صدارت فرمائی، سابق پرووائس چانسلر پروفیسر محمد شفیع صاحب نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے اس اجلاس کو زینت بخشی۔ڈاکٹر ریاض احمد کرمانی صاحب (وائس پریسیڈنٹ، مسلم ایسوسی ایشن فار دی ایڈوانسمنٹ آف سائنس علی گڑھ) نے اس موقع پر کلیدی خطبہ پیش کیا۔سیمینار ڈائرکٹر اور صدر شعبہ پروفیسر عبدالعلی صاحب نے سامعین کا خیر مقدم کرتے ہوئے شعبہ کی سرگرمیوں کا تعارف کرایا۔سیمینار کنوینر ڈاکٹر سید احسن صاحب نے اسکی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے مقالاتی نشستوں کی تفصیلات پیش کیں اور سابق صدر شعبہ پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی صاحب نے قرآن وسائنس کے تعلق پر مختصراً روشنی ڈالی اور تمام مندوبین وحاضرین کا شکریہ ادا کیا۔

افتتاحی واختتامی اجلاس کے علاوہ مقالات کے سات اجلاس منعقد ہوئے جو بالترتیب پروفیسر ایم۔اے۔سلیم خاں، پروفیسر الطاف احمد اعظمی، پروفیسر محمد یٰسین